جگت پکچرز کا بینظیر شاہکار!

(گانے شکیل بدایونی)

ثریا

دیو آنند

شاعر

کامنی کوشل

سلوچنا (SR) مُراد

شیام۔ دلاری وغیرہ نے اپنے اپنے بخوبی جوہر دکھائے

سینما ہال میں کتابیں بیچنے والوں کو مال ۲۴ گھنٹے میں بھیجا جاتا ہے

ملنے کا پتہ

تصویر نیوز ایڈ بک ایجنسی بازار مٹیا محل دہلی

خلاصہ

وہ ایک ستارہ تھا جسکی غزلیں اور رسیلے گیت بمبئی ریڈیو اسٹیشن سے گایا کرتی تھی۔ مینا دیپک کو بمبئی بلاتی ہے۔ گاؤں کی الھڑ اور معصوم رانی جو کہ بچپن سے دیپک سے پریم کرتی تھی۔ دیپک کے اس سفر سے بے چین ہو جاتی ہے۔ اور وہ اس کے روانہ ہونے کے وقت صرف اتنا کہکر آنسو پی لیتی ہے کہ اگر بمبئی کی اُجلی راتوں میں کوئی کبھی ہچکیاں آجائیں تو سمجھ لیجئے گا کہ دیش کی اندھیری اور اُداس راتوں میں کوئی مجبور آپ کو یاد کر رہا ہے۔ بمبئی کی ایک ڈانسر جسکا نام بھی مینا تھا۔ اپنے ایک ساندیکھے سیٹھ جی کو اسٹیشن لینے کو آتی ہے۔ اور غلط فہمی میں دیپک کو سیٹھ سمجھ لیتی ہے۔ دیپک بھی ڈانسر کو اپنی مینا سمجھکر اُس کے ساتھ ہو لیتا ہے۔ ڈانسر دیپک کو اپنے ایک دلچسپ دوست مسٹر پارکر سے ملاتی ہے۔ دیپک حیران ہو جاتا ہے۔ یہ پارکر نہیں بلکہ اُسکے بچپن کا ساتھی رانی کا بھائی پرکاش تھا۔ جو کہ بارہ سال سے گاؤں سے دور تھا۔ پارکر دیپک سے سب کچھ معلوم کر چکنے کے بعد اُسے یہ بتا دیتا ہے کہ وہ ایک ناچنے والی کو اپنی معشوقہ سمجھ بیٹھا ہے۔ دیپک اس حسین فریب سے شرمندہ اور پریشان ہو کر پارکر کے ساتھ اُس کے مکان پر جاتا ہے۔ (آگے کیا کچھ ہوا یہ پردۂ سکرین پر دیکھکر لطف اٹھائیں)

گانے "شاعر" کے

نمبر ۱

رانی۔ آج کوئی ہے آنے والا۔۔۔۔۔۔ کون ؟
یہ کیوں بتلاؤں ۔۔۔ او۔ او یہ کیوں بتلاؤں
جیون ہائے دل یہ ٹیکا رے۔ پیا پیا او پیا
سدھ بدھ ہارے لاج کے مارے موراجیا ہو موراجیا
کاگا بولے میرے دوار میں دیکھ دیکھ مسکاؤں۔ آج کوئی
آج کسی کی آس لگی ہے مچل رہا ہے خوشی سے دل
من میرا ڈولے اور یہ بولے پیا سے مل ،
دنیا ناچ سنگ سنگ میں جھوم جھوم کے گاؤں۔ آج کوئی۔۔

نمبر ۲

راگنی :۔ کیا چیز ہے محبت کوئی میرے دل سے پوچھے
آپس میں پہلے پہلے ملتی رہیں جب نگاہیں
بن بن کے جب فسانہ آتی ہیں لب پہ آہیں
ایسے دنوں کی راتیں۔ کوئی میرے دل سے پوچھے۔ کیا چیز۔۔
جب زندگی کی راتیں آتی ہیں آتی ہیں زندگی میں
جب اپنے دل سے باتیں ہوتی ہیں چاندنی میں

اُس چاندنی کی قیمت کوئی میرے دل سے پُوچھے۔ کیا چیز...

جب دل کی دھڑکنوں سے ہوتے ہیں راگ پیدا
دل دل سے مل کے چھم چھم کرتا ہے آگ پیدا
اُن دو دِلوں کی قیمت کوئی میرے دل سے پُوچھے۔ کیا چیز...

نمبر ۳

بیتا:-

تو دُور ہے آنکھوں سے۔ میرے دِل کو یہ غم ہے!
آ جا میری دُنیا میں تجھے میری دُنیا میں تجھے میری قسم ہے
بےچین ہوں ملنے کی ذرا کھولدے راہیں۔ دیدار کی حسرت میں تڑپتی ہیں نگاہیں
اِس دل کے لیئے تیرا نہ ملنا ہی ستم ہے۔ تو دُور ہے......
چمکا دے تو آ کر میری قسمت کا ستارا
رستہ نہ بھٹک جاؤں ذرا دیدے سہارا
اُلفت کی زمیں پر میرا پہلا ہی قدم ہے۔ تو دُور ہے۔ میرے...

نمبر ۴

رانی:-

دل کی دنیا اُجڑ گئی دور جانے والے چلے گئے
جانے والے چلے گئے تڑپانے والے چلے گئے
مُجھکو خوشی کے گیت سُنا کے پھیر لیں نظریں سامنے آکے
روٹھ گئے تو دل میں سما کے
اُن کے بِنا اب لگے نہ جی۔ بُلانے والے چلے گئے

نین کہیں اب کون ہارا ۔ اور نین کہیں دل جیت کے ہارا
دل یہ کہیں ٹوٹے نہ سہارا
کس کی بات اب سُنے کوئی سمجھانے والے چلے گئے
بینا ب۔

نمبر ۵

ترے خیال کو دل سے لگائے بیٹھے ہیں
ہم انتظار کی دنیا بسائے بیٹھے ہیں،
محبت پہ بہار آتی جہاں گلزار ہو جاتا!
اگر بیتاب نظروں کو ترا دیدار ہو جاتا،
میرے دل کی خوشی بنکر اگر تم سامنے آتی
تو شاید ان نگاہوں آنکھوں میں کوئی اقرار ہو جاتا
بلا ہے دل سے دل یہ ہی سہارا کم نہیں مجھکو
نظر سے جب نظر ملتی تو بیڑا پار ہو جاتا۔ محبت پہ بہار آتی۔
دوگانا ۔

نمبر ۶

لڑکی:۔ او او موسے بالما کاہے ماری کٹار۔ ہائے دیا رے ہائے دیا
لڑکا:۔ او او تورے نینا سب دلکے پار ہائے دیا ہائے دیا
لڑکی:۔ جانے نہ دونگی تجھے آنکھوں سے دور۔ ذرا سن لو حضور
لڑکا:۔ تو میری میں ہوں تیرا جی کرلی ہو دوائے جی۔ ہاں ضرور
لڑکی:۔ دو دل کا میل بڑا نازک تھا۔ کھیل گئی میں تجھ سے ہار

لڑکا:۔ نینوں سے آج ہوئی نینوں کی گھات۔ کوئی کھائے گا مات

دونوں:۔ چھوٹے نہ سنگ کہیں لاگے نہ رنگ تیرا میرا پیا۔ ہائے رے...

نمبر ۷ رانی:۔ ہمیں تم بھول بیٹھے ہو ہمیں برباد کر دیا۔ جدائی میں تمہاری زندگی برباد کرتے ہیں
نظر سے دور ہو کر بیوفا کیوں بن گئے اتنے۔ کسی کے دل کو لے کر کیا یونہی برباد کرتے ہیں
زمانے میں عجب دستور ہے دل لینے والوں کا۔ اسی کو لوٹ لیتے ہیں جسے آباد کرتے ہیں

نمبر ۸ دیپک:۔ دو بچھڑے ہوئے دل آپس میں مل گئے
ارمانوں کی نگری میں ہوا آج سویرا

بینا:۔ لو تم سے ہم سب دل کے مٹے غم
خوش ہو کے محبت نے کیا دل میں بسیرا

دیپک:۔ کم ہو نہ گھڑی بھر کے لئے اپنی محبت
تم آئے جو آنکھوں میں تو چمکی میری قسمت

دیپک:۔ قسمت کے چمکتے ہی ہوا دور اندھیرا۔ دو بچھڑے....

بینا:۔ ہم پیار کی منزل سے کبھی دور نہ ہوں گے

دیپک:۔ ارمان بھرے دل کبھی مجبور نہ ہوں گے

نمبر ۹ بینا:۔ یہ دنیا ہے یہ دنیا ہے
یہ دنیا ہے یہاں دل کا لگانا کس کو آتا ہے
ہزاروں پیار کرتے ہیں نبھانا کس کو آتا ہے

دیپک:۔ یہ دنیا ہے یہاں دل میں سمانا کس کو آتا ہے

مٹانے والے لاکھوں ہیں بنانا کس کو آتا ہے

بینا:۔ نگاہیں پھیر لیں تم نے تو ہم کس کی طرف دیکھیں
تمہی عہد و محبت کا فسانہ کس کو آتا ہے۔ یہ دنیا ہے...

دیپک:۔ وفا کا یوں تو دم بھرتے ہیں اس دنیا میں سب لیکن
وفا کے نام پر مٹ کر دکھانا کس کو آتا ہے۔ یہ...

بینا:۔ ہزاروں پیار کرتے ہیں نبھانا کس کو آتا ہے۔ یہ دنیا ہے.....

نمبر ۱۰

دنیا کے ستم کا کوئی شکوہ نہ کرینگے۔ روٹھی ہوئی قسمت سے مگر اتنا کہینگے

"او قسمت تیرا بُرا ہو کیوں دل کے ٹکڑے کر دیئے"

اس دل پہ جو بیتی ہے اسے کس کو سنائیں۔ بھیا نے لئے سارے زمانے کی جفائیں
بدلے میں بھلائی کے ملی ہم کو برائی۔ اُجڑے ہوئے ارمان ہی دیتے ہیں دہائی

"او قسمت تیرا بُرا ہو کیوں دل کے......

تھی کس کو خبر دل کی کلی کھل نہ سکیگی
ہوگی یہ خطا جس کی سزا ہم کو ملے گی
جب ٹوٹ گیا درد بھرے دل کا سہارا
برباد امیدوں نے یونہی رو کے پکارا

"او قسمت تیرا بُرا ہو کیوں دل کے ٹکڑے کر دیئے"

ختم شد

زرنگاری گولڈن ٹانک ہیر آئل

(ہمیشہ استعمال کریں)

سندھ بلوچستان کا مشہور و مقبول تیل

اس تیل کی خوبیوں سے سندھ بلوچستان کا بچہ بچہ واقف ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہندوستان کا بھی ہر شخص اس تیل سے فائدہ اٹھائے اسلئے بذریعہ اشتہار پبلک کو اطلاع دیجاتی ہے کہ اس تیل میں خوبیاں ہیں کہ شیشی کھولتے ہی کمرے میں خوشبو کی دھیمی دھیمی لپٹیں نکلنی شروع ہو جاتی ہیں۔ اور کمرہ خوشبو سے مہک جاتا ہے دماغ میں تر و تازگی آجاتی ہے۔ اسکے استعمال سے بال سیاہ بھونرے کی مانند چمکیلے ہو جاتے ہیں۔ دماغ کو تری کرتا ہے۔ خشکی دور ہو جاتی ہے۔ آنکھوں میں تر و تازگی آتی ہے۔ اور روشنی دن بدن بڑھتی جاتی ہے۔ بال ریشم کیطرح ملائم اور گرنے بند ہو جاتے ہیں بال نئے سرے سے پیدا بھی ہوتے ہیں اور دراز بھی ہو جاتے ہیں۔ ہماری دکان کا ایک بیش بہا تحفہ ہے۔ اسکے علاوہ ہمارے یہاں خوشبودار تیل، در خوش ذائقہ مربہ جات اچار چٹنیاں عرقیات شربت و روح ماہرین فن کی زیر نگرانی تیار ہوتے اور بارعایت ملتے ہیں۔ اسلئے ہماری خدمات سے پورا پورا فائدہ اٹھائیں۔

پتہ:۔ گرو بھائیاں دی ہٹی رفیو مرز دریبہ کلاں دہلی